# 27 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

ptcl

اطلاع دی جاتی ہے کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کا 27 واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 28 اپریل 2022 بروز جمعرات، صبح 10:30 بجے پی ٹی سی ایل ہیڈ کوارٹرز، سیکٹر G 8/4، اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔ جس میں مندرجہ ذیل معاملات زیر بحث لائے جائیں گے۔

1۔ 3 نومبر 2021 کو منعقدہ 7 ویں غیر معمولی اجلاس عام کے منٹس کی تصدیق

2۔ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ کو وصول کرنا، زیر غور لانا اور اختیار کرنا

3۔ 31 دسمبر 2022 کو مکمل ہونے والے مالی سال کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین

4۔ چیئرمین کی اجازت سے کوئی بھی اور معاملہ زیر بحث لانا

بحکم بورڈ

صائمہ اکبر فتک
کمپنی سیکریٹری

اسلام آباد
مورخہ 6 اپریل 2022

## نوٹس

### 1۔ سالانہ اجلاس عام میں شرکت

(الف) سالانہ اجلاس عام کے لیے کورونا وائرس سے بچاؤ کی منصوبہ بندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (کمیشن) کے مختلف سرکلرز کے ذریعے جاری کردہ ہدایات کی روشنی میں ممبران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کریں یا پراکسی کے ذریعے اپنی حاضری کو یقینی بنائیں۔ وہ ممبران جو ویڈیو لنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کے خواہشمند ہیں، انہیں company.secretary@ptcl group.com پر رجسٹریشن کیلئے اپنی تفصیلات ای میل کرنا ضروری ہیں۔ ایسے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ رجسٹریشن کیلئے اپنے تمام کوائف مثلاً نام، فولیو نمبر، قومی شناختی کارڈ کی تکمین شدہ کاپی (دونوں اطراف)، موبائل فون نمبر اور شیئرز کی تعداد پر مبنی ای میل بعنوان Registration for PTCL's AGM بھیجیں تاکہ ان کی رجسٹریشن یقینی بنائی جاسکے۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی تفصیلات صرف ان ممبران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز تمام مطلوبہ تفصیلات کے ساتھ 26 اپریل 2022، بتاریخ 5:00 بجے سے پہلے وصول کی گئی ای میل ایڈریس پر موصول ہوں گی۔ ممبران سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے میں شامل آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور تجاویز ہمیں company.secretary@ptcl group.com پر بھی دے سکتے ہیں۔ کمپنی، حکومت اور کمیشن کی ہدایات کی روشنی میں تمام ممکنہ اقدامات پر عمل کرے گی تاکہ ممبران کی شرکت اور ووٹنگ کو یقینی بنایا جاسکے۔

(ب) کمپنی کا کوئی بھی رکن جسے اجلاس میں شریک ہونے اور اس میں ووٹ کرنے کا حق حاصل ہے وہ کسی اور شخص کو اپنی جگہ شریک ہونے اور ووٹ کرنے کیلئے پراکسی کے طور پر مقرر کرسکتا ہے۔ ایک کارپوریٹ ادارہ وجود رکھنے والا ہو یا پراکسی کے طور پر کسی بھی شخص کو مقرر کرسکتا ہے، قطع نظر اس سے کہ وہ رکن ہے یا نہیں۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/اختیار نامہ کارپوریٹ ادارے کی جگہ شریک ہونے اور ووٹ کرنے کیلئے مقرر کردہ شخص کے نمونہ دستخط مکمل پُر کردہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی میں جمع کرانے جائیں۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لیے ضروری ہے کہ اجلاس کے انعقاد کیلئے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کو رجسٹرڈ آفس پر موصول ہونی چاہیے۔

### 2۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 21 اپریل 2022 سے 28 اپریل 2022 (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار، FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، فصل چوک فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو 20 اپریل 2022 تک کاروباری اوقات کار کے اختتام تک موصول ہونے والی ٹرانسفر/سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کیلئے بروقت تصور ہوں گی۔

### 3۔ پتے کی تبدیلی

جن ارکان کے پاس شیئر زکاغذی شکل میں موجود ہیں ان سے گزارش ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کریں۔ جن ارکان کے شیئر زسی ڈی سی کی پارٹیسپنٹس (Participants) اکاؤنٹس میں ہیں ان سے بھی گزارش کی جاتی ہے کہ اپنے پتے سی ڈی سی کے ساتھ اپنے پارٹیسپنٹ/اسٹاک بروکرز کے پاس درج کروائیں۔

### 4۔ قومی شناختی کارڈ فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کے لئے اطلاع

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("ایس ای سی پی") کی ہدایات بذریعہ ایس آر او نمبر 831(I)2012 مورخہ 5 جولائی 2012 کے مطابق منافع کے وارنٹس پر رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز فرد (سوائے نابالغ اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز) کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر درج ہونا ضروری ہے۔ جن ممبران نے ابھی تک اپنے درست قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپیاں جمع نہیں کرائی ہیں ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ فولیو نمبر کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کردیں تاکہ منافع کی بروقت ادائگی یقینی بنائی جاسکے۔ جن ارکان کے شیئر زسی ڈی سی/ پارٹیسپنٹس اکاؤنٹس میں ہیں ان سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے قومی شناختی کارڈ/ائین ٹی این، سی ڈی سی یا اپنے پارٹیسپنٹس/اسٹاک بروکرز کے پاس جمع کروادیں۔

### 5۔ منافع کی الیکٹرونک ذریعے سے ادائگی (ای۔مینڈیٹ)

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 242 کے مطابق لسٹڈ کمپنی کیلئے یہ لازم ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کا منافع صرف الیکٹرونک طریقے سے حقدار شیئر ہولڈرز کی جانب سے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست جمع کروائے۔ اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع وصول کرنے کیلئے شیئر ہولڈرز جن کے پاس شیئرز فزیکل فارم میں موجود ہیں وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پُر کریں اور دستخط کرکے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، فصل چوک فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کے پتے پر ارسال کردیں جن ارکان کے شیئر زسی ڈی سی پارٹیسپنٹس اکاؤنٹس/اسٹاک بروکرز کے پاس ہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مینڈیٹ سی ڈی سی یا ان کے پارٹیسپنٹس/اسٹاک بروکرز کو فراہم کردیں۔

### 6۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے مزید ہدایات

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو ایس ای سی پی (SECP) کی جاری کردہ ہدایات بذریعہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 کی تعمیل کرنی ہوگی، جو مندرجہ ذیل ہیں۔

(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق اپ لوڈ ہیں، اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ کے ذریعے اپنی شناخت (مرد/عورت) کی تو ثیق کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی کے ساتھ نامزد شدہ فرد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) پیش کرنا ہوں گے۔

(ب) پراکسی کی تقرری کیلئے

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا ضابطے کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں۔

(ii) پراکسی فارم پر دو افراد کے بطور گواہ دستخط ہونے چاہئیں، جن کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم میں درج ہوں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ اصل مالک اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول منسلک کی جائیں۔

(iv) پراکسی (مرد/عورت) کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ دستخط کے نمونوں کے کمپنی کو جمع کرائی جائیں۔

### 7۔ ویڈیو کانفرنس کے لیے رضامندی

ممبران کراچی اور لاہور میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس ضمن میں وہ درج ذیل فارم کو پُر کرکے اجلاس عام سے کم از کم 10 دن پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کرائیں۔

ویڈیو کی سہولت صرف اسی صورت میں فراہم کی جائے گی کہ اگر کمپنی کو ایسے اراکین کی جانب سے رضامندی حاصل ہو جو کراچی یا لاہور کے رہائشی ہوں اور مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھتے ہوں۔ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کیلئے کم از کم 10 دن قبل بتایا جائے تاکہ کمپنی مطلوبہ شیئرز میں اس طرح کی سہولت کی دستیابی سے مشروط ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرسکے۔ کمپنی اجلاس عام کی تاریخ انعقاد سے کم از کم پانچ دن قبل ارکان کو ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے ساتھ وہاں تک رسائی کی مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

میں/ہم ---------- ساکن ---------- پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ کے ایک رکن ہونے کے طور پر ---------- آرڈی نری شیئر زرکھتے ہیں، جس کا رجسٹرڈ فولیو نمبر ----------ہے، بذریعہ ہذا ----------شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتے ہیں۔

---

ممبر کے دستخط

### 8۔ اے جی ایم کانوٹس اور آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی الیکٹرونک ترسیل

27 اپریل 2017 کو منعقدہ اجلاس عام میں کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے اس بات پر رضامندی کا اظہار کیا کہ کمپنی کی آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بمع سالانہ اجلاس عام کانوٹس کاغذی شکل میں وصول کرنے کی بجائے پذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/ یو ایس بی وصول کی جائے گی۔ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور اے جی ایم کے نوٹس کی سافٹ کاپیز کمپنی کی ویب سائٹ www.ptcl.com.pk پر دستیاب ہیں۔

### 9۔ منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی

مندرجہ ذیل معلومات ارکان کی معلومات کیلئے ہیں ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر 19/2014 بتاریخ 24 اکتوبر 2014 کے مطابق دی جارہی ہیں۔

ا۔ حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈی ننینس 2001 کی دفعہ 150 میں بعض ترامیم کی ہیں، جس کے سبب کمپنیوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے منافع کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کے مختلف ریٹس تجویز کئے گئے ہیں۔

یہ ریٹس حسب ذیل ہیں:

(الف) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15 فیصد

(ب) انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 30 فیصد

وہ تمام حصص یافتگان جن کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ کی ایکٹیو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں درج نہیں ہیں اور اس حقیقت کے باوجود کہ وہ ظاہر ہیں، کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ آئندہ اٹھنے والے منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے قبل اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کا نام (ATL) میں درج ہو، بصورت دیگر ان کے اٹھنے والے منافع پر ٹیکس کی کٹوتی اٹھارنی کی مقرر کردہ شرح پر کی جائے گی۔

ااا۔ مزید استفسار/مسئلہ/معلومات کیلئے سرمایہ کار کمپنی کے شیئر رجسٹرار FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، فصل چوک فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل کراچی (فون نمبر: 101-34380102-9221+ اور 102-34380102-9921+، ای میل info.shares@famco.com.pk) سے رابطہ کریں۔

iii۔ سی ڈی سی اکاؤنٹس رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شرکا کے پاس اپنا تازہ ترین نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) درج کرائیں جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار، FAMCO ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو بھیجیں۔ این ٹی این یا این ٹی این سرٹیفکیٹس، جو بھی ہو بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور اپنا حصص فولیو نمبر کا حوالہ لازمی دیں۔

### 10۔ فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق 72(2) کے مطابق، فزیکل شیئر زرکھنے والے شیئر ہولڈرز کو ترجیح دی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بااختیار بروکر کے ساتھ ذیلی اکاؤنٹ کھولیں، یا سی ڈی سی کے ساتھ براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولیں تاکہ وہ اپنے موجودہ فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں تبدیل کرسکیں۔ یاد رہے کہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کے موجودہ قوانین کے مطابق فزیکل شیئرز کی ٹریڈنگ کی اجازت نہیں ہے۔ فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس شکل میں تبدیل کرنے سے شیئر ہولڈرز کو کئی سہولیات حاصل ہوں گی مثلاً شیئرز کی محفوظ رسائی اور اپنی سہولت کے مطابق ان کی خرید و فروخت میں آسانی وغیرہ۔